تپوس اوکړو چې امیر المومنین! دا څه کوې، چرته روان ئې؟ هغه ورته وئیل چې عمرؓ! زه خو غریب سړے یم، دا کپړې ماسره دی، زه بازار کښې تجارت کوم، ورته ئے اووئیل چې ته اوس تجارت ته مه ځه، ته د مسلمانانو نمائنده ئې، ته د مسلمانانو خلیفه ئې، ته د مسلمانانو بادشاه ئې، تاته به بیت المال خرچې در کوی۔ جناب سپیکرصاحب، زه دغه اسمبلئ کښې علی الاعلان وایم، دا چې ماته حواله کیدو په دې باندې زه دومره ندامت، جهجهک نه محسوسوم، هغه ځکه چې هغه زه که حرامو کښې واقع کیږم، زما Colleague او زما ممبر که حرامو کښې واقع کیږی، هغه نه به ښه دا وی چې ماته حکومت په خپله مرضئ باندې زما تنخواه کښې اضافه اوکړی۔ نو جناب سپیکر صاحب! ان شاء الله العظیم مونږ د دغه ټولو ممبرانو حالاتو ته کتلی دی، د دغه ټول ملک صوبائی اسمبلو ته مو کتلی دی، د هغې نه بعد مطلب دا دے مونږ دا یوه اضافه کړې ده جناب سپیکرصاحب۔

<u>Mr. Speaker</u>: It stands presented.

## صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے ممبران کی تنخواہوں اور مراعات پر خصوصی کمیٹی کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: Now, Mufti Said Janan, MPA, member Special Committee for Salary and Allowances, to please move for adoption of the said report.

<u>مفتی سید جانان</u>: جناب سپیکر صاحب! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے ممبران کی تنخواہ اور مراعات ایکٹ مجریہ 1974 سے متعلق خصوصی کمیٹی کی رپورٹ منظور کی جائے۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the Report of Special Committee may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speake</u>r: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

(Applause)

<u>جناب سپیکر</u>: جناب سردار ادریس صاحب، سردار ادریس۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

سردار محمد ادریس: جناب سپیکر! آپ سے درخواست ہے کہ قاعدہ 240 کے تحت قاعدہ 124 کو معطل کر کے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240 to allow the honorable Members to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it and the honourable Members, to move their resolution.

## قرارداد

سردار محمد ادریس: جناب سپیکر! یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ آئین پاکستان وحدت پاکستان کے اندر انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی ممانعت نہیں کرتا، اسلئے یہ ایوان مرکزی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی حقیقی ضرورت کے مطابق قومی اتفاق رائے سے نئے انتظامی یونٹس بشمول 'صوبہ ہزارہ' کے قیام کیلئے مرکزی حکومت آئین پاکستان میں ترمیم کا بل قومی اسمبلی، پارلیمنٹ میں پیش کرے اور جلد از جلد کمیشن کا قیام عمل میں لایا جائے۔

جناب سپیکر، اس قرار داد پر فیصل زمان، مفتی جانان صاحب، وجیہہ الزمان صاحب، مولانا عصمت صاحب، اکبر ایوب صاحب، مظفر سید، سردار ادریس، مشتاق غنی اور قلندر لودھی صاحب کے Signature موجود ہیں اور میری آپ سے گزارش ہے کہ اس کو ایوان میں پاس کرنے کیلئے پیش کیا جائے۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جناب سردار حسین بابک صاحب۔ مجھے نام پورا کرنے دیں۔

سردار محمد ادریس: نرگس بی بی اور ملیحہ لودھی بھی، جناب۔۔۔۔

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب، ستاسو ڈیرہ زیاتہ مہربانی۔

جناب سپیکر:   یہ کچھ نام اس میں مزید بھی ہیں، یہ ضیاء الرحمن صاحب اور سردار ظہور صاحب، صالح محمد صاحب، عبدالستار صاحب اور یہ، اچھا جی، یہ بات کرنا چاہتے ہیں، سردار حسین بابک! بات کرلیں، سردار حسین بابک۔

جناب سردار حسین:   شکریہ سپیکر صاحب۔ اردو میں بات کرلوں گا، چونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایوان جو ہے کوئی بھی آنریبل ممبر اپنے علاقے کے عوام، اپنے علاقے کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئی بھی بزنس یہاں پر لاسکتا ہے اور یہ جمہوریت کا حصہ ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسمبلی میں جو قرارداد پیش ہوئی ہے 'صوبہ ہزارہ' کے حوالے سے، نیا صوبہ بننے کے حوالے سے، تو یہ ایک تسلسل چلا آرہا ہے اور ہزارہ کے مختلف علاقوں میں، مختلف اضلاع میں وقتاً فوقتاً اس کیلئے تحریکیں بھی چلی ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں، عوامی نیشنل پارٹی کا ابتداء ہی سے یہ موقف رہا ہے کہ صوبے کے کسی بھی حصے کیلئے کوئی بھی مسئلہ ہو، اس کیلئے مہذب اور جمہوری راستہ جو ہے وہ اپنانا چاہیئے۔ سپیکر صاحب، قرارداد اسمبلی میں پیش ہوئی ہے، عوامی نیشنل پارٹی کی جو پالیسی ہے، ہم 'ہزارہ صوبہ' بننے کی مخالفت کیوں کررہے ہیں؟ عوامی نیشنل پارٹی سمجھتی ہے کہ خیبر پختونخوا جو ہے یہ ایک گلدستہ ہے گلدستہ، ملاکنڈ ڈویژن کے اضلاع، جنوبی اضلاع کے جو حصے ہیں یا جو ہمارا ہزارہ ڈویژن ہے، انکے جو اضلاع ہیں، اسی صوبے میں مختلف زبانوں کے لوگ رہتے ہیں اور یہ ایک چھوٹا سا صوبہ ہے، چونکہ آج اسمبلی میں قرارداد پیش ہوئی ہے اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ ہمارے ممبران کے پیچھے انکے جو سپورٹرز ہیں، ضرور ایک پریشر ہوگا لیکن آج چونکہ یہ اسمبلی جو ہے یہ سارے صوبے کا ایک جرگہ ہے اور ہر ایک پارٹی کا موقف جو ہے ان لوگوں تک پہنچنا چاہیئے۔ عوامی نیشنل پارٹی کی نظر میں ہزارہ خیبر پختونخوا کے سر کا تاج ہے تاج اور عوامی نیشنل پارٹی نہیں چاہتی کہ خیبر پختونخوا کے سر سے یہ تاج جو ہے یہ اتر جائے یا اتارا جائے۔ آج میں عوامی نیشنل پارٹی کی طرف سے ہزارہ ڈویژن کی اپنی بہنوں کو، اپنے بھائیوں کو اور اپنے بزرگوں کو یہ میسج دینا چاہتا ہوں کہ خیبر پختونخوا کے جو لوگ ہیں بشمول ہزارہ، چھوٹا سا صوبہ ہے، اسی صوبے کو تقسیم ہونے کی یہ جو ترتیب ہے یا جو تربیت ہے یہ لے لی جارہی ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک چھوٹے سے صوبے کے خلاف بہت بڑی سازش ہے۔ سپیکر صاحب! صوبے کے جو مسائل ہیں انہی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے آج ہمیں ایک ہونا پڑا، پڑنا چاہیئے، آج ہمیں ایک ہونا چاہیئے، آج ہمیں اپنے صوبے کے مسائل کو فوکس کرنا چاہیئے۔ یہ جو زبان کی بنیاد پہ، نسل کی بنیاد پہ، شاید میں بڑی معذرت سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر اس صوبے کے کچھ حصے کے کچھ

لوگ اس چیز کو اس بناء پر ہوا دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ خدا نخواستہ ہزارہ جو ہے، ایبٹ آباد، ہری پور، مانسہرہ، بٹگرام، کوہستان، یہ شاید اس صوبے کے ساتھ چل نہیں سکتے تو کم از کم میں اپنی ان بہنوں کو اور ان بھائیوں کو جو بڑے محترم لوگ ہیں، بڑے معتبر لوگ ہیں، نمائندہ لوگ ہیں، ایک ایسا میسج ہمیں دینا چاہیئے اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ اس قرارداد میں یہ بات آئی ہے، اگر میں مثال دیدوں، پاکستان میں چار صوبے ہیں، سب سے چھوٹا صوبہ ہمارا ہے۔ پاکستان میں بہت بڑا صوبہ ہے، ایک صوبہ جو ہے وہ باقی تین صوبوں کے برابر ہے، ایک صوبہ باقی تین صوبوں کے برابر ہے بلکہ زیادہ ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اگر یہ انتظامی طور پر ضرورت پڑے تو ضرور ہونا چاہیئے لیکن ہزارہ کے نام پہ میں اپنے بھائیوں کو یہ مشورہ دینا چاہوں گا کہ وہ لوگ جو ہزارہ تحریک کے چیئرمین تھے، بانی تھے، الیکشن میں کھڑے ہو گئے تھے ان کی ضمانتیں ضبط ہو گئی تھیں، ان چیزوں کو Avoid کرنا چاہیئے، ایک ایسے وقت میں جس میں ہمیں، ہم سب کو، وزیر اعلیٰ صاحب بھی یہاں پر بیٹھے ہیں، میں حکومت سے بھی یہ درخواست کرونگا، حکومتوں کی مجبوریاں اپنی جگہ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان جیسے مسائل میں جہاں پہ ان چیزوں سے، اس طرح کی قراردادیں لانے سے، پیش کرنے سے، حمایت اور مخالفت کرنے سے مزید نفرتیں پیدا ہونگی۔ اسلئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم جن سازشوں کا Already شکار ہیں، ہم سب کو مل بیٹھ کر، ہم سب کو ایک ہو کر، ہم سب کو ایک دوسرے کو ہاتھ دیکر ان سازشوں کا مقابلہ کرنا چاہیئے اور ان سارے معزز ایوان کو میرا یہی مشورہ ہوگا، میری تجویز ہوگی، میری رائے ہوگی کہ اس چیز کو اس بنیاد پر نہیں، پھر ہزارہ کی ہماری بہن بھائیوں کا مطالبہ ہے، بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ Political scoring ہے اور ہمیں ان چیزوں پہ Political scoring نہیں کرنی چاہیئے۔ ہونا یہ چاہیئے کہ آج ہمارے ہزارہ کے بھائی اور بہنیں اسی حکومت کا حصہ ہیں، ہونا یہ چاہیئے کہ جس طرح ہم نے اپنی پچھلی حکومت میں ہم سے جتنا ہو سکا ملاکنڈ ڈویژن کو، جنوبی اضلاع کو، ہزارہ کے سارے اضلاع کو ہم نے ترقیاتی پیکیجز دیئے تھے، اگر کوئی اس چیز کو اسی بنیاد پر ہوا دینے کی کوشش کر رہا ہے تو عوامی نیشنل پارٹی جس طرح میں نے ذکر کیا کہ 'ہزارہ' خیبر پختونخوا کے سر کا تاج ہے اور ہم ان شاء اللہ اس تاج کو خیبر پختونخوا کے سر سے اتارنے نہیں دیں گے۔

جناب سپیکر: میڈم!

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میں موقع دیتاہوں، میں ڈسکشن کیلئے پورا موقع دیتاہوں۔ وجیہہ الزمان صاحب! اس کے بعد۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! میں پہلے بات کرتی ہوں، میں پہلے بات کرلوں پھر اس کے بعد وہ بات کرلیں۔

جناب سپیکر: میڈم! بات کرلیں۔ اسکے بعد آپ بات کرینگے وجیہہ الزمان صاحب! اس کے بعد آپ بات کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تھینک یو جناب سپیکر۔ بہت Important قرارداد ہے لیکن اس کیلئے سب سے پہلے میں گورنمنٹ بنچز کی طرف جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، جو یہاں پر اپوزیشن میں ہمارے بھائی اور بہنیں بیٹھی ہوئی ہیں، میں ان کیلئے صرف ایک ہی بات کرونگی کہ:

گھن کی صورت یہ تعصب تجھے کھاجائیگا

گھن کی صورت یہ تعصب تجھے کھاجائیگا اپنی ہر سوچ کو محسن نہ علاقائی کر۔

جناب سپیکر صاحب، جس ہستی کی تصویر کے نیچے آپ کی کرسی ہے، انہوں نے ہمیں یونٹی کا، انہوں نے ہمیں ایک قوم بن کر جینے کا سبق دیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، 'ہزارہ' کے لوگ جو ہیں، جیسا کہ بابک صاحب نے تقریر کی ہے، میں ان کی تمام باتوں سے متفق ہوں اور میں سمجھتی ہوں کہ ایک ایسا صوبہ جو کہ ساٹھ فیصد ہے اور ہم تین صوبے صرف چالیس فیصد ہیں، جناب سپیکر صاحب! میں سمجھتی ہوں کہ یہ ایسا وقت نہیں ہے، اس وقت ہمیں ملکر اس خیبر پختونخوا جو کہ ہمارا صوبہ ہے، جس میں ہزارہ بھی ہے، جس میں ملاکنڈ بھی ہے، چترال بھی ہے، جس میں ڈی آئی خان بھی ہے، جس میں ہم سب لوگ یہاں پر اکٹھے مل کر رہتے ہیں اور ہم نے ہی ملکر سب دشمنوں کا مقابلہ کرنا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ وقت جو ہے اس قرارداد کے لانے کا وقت نہیں تھا کیونکہ ہم لوگ بہت ہی کرائسز سے گزر رہے ہیں، ہم ایسے حالات سے گزر رہے ہیں کہ ہمیں یہ تعصب، ہمیں لسانی بنیاد پر تقسیم کیاجاناجناب سپیکر صاحب! میں اس چیز کی مخالفت کرتی ہوں اور اگر ایسا ان لوگوں نے، صوبہ صرف اسکی وجہ سے بنانے جارہے ہیں، یہ نام کی وجہ سے اگر بنانے جارہے ہیں تو جناب سپیکر صاحب! اس کو 'خیبر ہزارہ' کردیں، اس کا نام اگر Chang کردیا جائے، 'ہزارہ پختونخوا' کردیا جائے تو میرا خیال ہے جناب سپیکر صاحب! کہ ہمیں، ہم نہیں

چاہتے، ان بہنوں کی، بھائیوں کی ہم لوگ جدائی نہیں برداشت کر سکتے۔ تو میرا خیال ہے کہ یہ ہمارے گلدستے کا ایک پھول ہے اور ان پھولوں کو اپنے سے جدا نہیں کر سکتے۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: وجیہہ الزمان صاحب۔ مشتاق غنی صاحب! اس کے، وجیہہ الزمان صاحب کے بعد آپ بات کر لیں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: میرے بھائی نے اور بہن نے بڑی اچھی باتیں کیں لیکن مجھے افسوس ہے کہ جو ایک ایشو اٹھایا گیا ہے اس کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ ابھی ادریس صاحب نے قرارداد پیش کی اس میں اگر انہوں نے غور کیا ہو تو اس میں کہا گیا تھا کہ جی نئے انتظامی امور بشمول ہزارہ، ہزارہ کا نام اسلئے لیا گیا کیونکہ ہزارہ کی ایک Long awaited ڈیمانڈ ہے جو ایک زمانہ سے چلی آ رہی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس ایشو کیلئے یہ بارش کا ایک پہلا قطرہ ثابت ہو جائے، اصل مقصد جو ہے وہ New autonomous administrative unit کا ہے جس پہ ہم زبان سے، برادری سے، قومیت سے ان چیزوں سے بالاتر ہو کر Totally geographical or administrative grounds کے اوپر نئے Administrative units چاہتے ہیں۔ ابھی میرے بھائی نے کہا کہ جی پختونخوا بہت چھوٹا صوبہ ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے، ہمارا جو میسج ہے وہ فیڈرل گورنمنٹ کو ہماری قرارداد میں جو میسج ہے وہ یہ ہے کہ وفاق ایک کمیشن بنائے اور اس پر از سر نو پورے پاکستان کا جائزہ لے اور چوبیس سے لیکر تیس تک میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان اس وقت نئے Autonomous units بنانے کا متحمل ہے، جو ضرورت ہے۔ ہم Devolution کی بات کرتے ہیں جناب سپیکر، اس میں تقسیم کوئی نہیں ہے۔ میرے بھائی نے کہا کہ ہزارہ ہمارے سر کا تاج ہے، انکی ذرہ نوازی ہے، انکا میں مشکور ہوں اور ہم بھی ان کیلئے یہی جذبات رکھتے ہیں۔ ہم ہزارہ کو اٹھا کر کہیں امریکہ نہیں لے جا رہے ہیں، ہزارہ وہیں ہے، صرف Devolution کے حوالے سے، لوگوں کے مسائل کے حوالے سے، لوگوں کی پریشانیوں کے حوالے سے، ہمارے بھائی کوہستان کے بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو پشاور پہنچنے میں دو دن لگتے ہیں۔۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر، میں گزارش کر رہا تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پر اگر ڈسکشن کرنی ہے تو میں چاہونگا کہ بریک کر لیں دس منٹ کیلئے تاکہ۔۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: دو منٹ میں بات ختم کر لوں تو پھر آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، اس کے بعد پھر کر لیں نا، میں آپ کو موقع دونگا کیونکہ مختلف لوگ اپنا نقطہ نظر دینا چاہتے ہیں تو ان کو موقع ملنا چاہیئے۔

سردار محمد ادریس: جناب سپیکر! آپ سے ریکویسٹ ہے کہ بحث شروع ہے، آپ سے ریکویسٹ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو پھر کیا کریں؟ ایک طرف تو، دس منٹ کیلئے بریک کرتے ہیں جی۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: جی وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! اگر Bell دوبارہ دے دیں تاکہ کورم پورا ہو جائے تاکہ میں بات شروع کر سکوں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: چلو آپ نے کورم کی خود ہی نشاندہی کر دی ہے سر،۔۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: نہیں Bell بجائیں گے تو پورا ہو جائیگا نا۔ (قہقہہ)

محترمہ نگہت اورکزئی: چھوڑیں آپ وجیہہ الزمان بھائی۔۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: کس کے سامنے کروں؟۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: آپ تو ریکارڈ پر بات کر رہے ہیں، کس کی بات کر رہے ہیں آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ مسئلہ بنا ہے، تین منٹ کا وقت دے دیں جی۔ وہ گھنٹی دے دیں، گھنٹیاں دے دیں، تین منٹ، دو منٹ کیلئے گھنٹیاں دے دیں۔ اس کو کہہ دیں کہ دو منٹ کیلئے گھنٹیاں دے دیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: جی وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! میں گزارش کرونگا کہ یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ جی اتفاق واتحاد کو جس طرح توڑا جا رہا ہے یا اس کے خلاف کوئی سازش کی جا رہی ہے، بحیثیت ایک مسلم لیگی ہمارا جو Crux ہے ہمارے منشور کا، وہ ایمان اتحاد تنظیم ہے تو ہم اسکے Against جا ہی نہیں سکتے، ہم تو آ رہے ہیں ایک ایسے خیال کی طرف جہاں پر لوگوں کیلئے Benefits ہوں۔ ابھی بابک صاحب نے کہا کہ جی ایک پنجاب صوبہ جو ہے وہ برابر ہے باقی تین صوبوں کی پاپولیشن کے، تو میں اس میں تھوڑا سا Add کر دوں کہ برابر

نہیں بلکہ تین صوبے ملکر ہم 40% ہیں اور وہ اکیلا 60% ہے تو میرا کہنے کا مقصد یہ نہیں ہے کہ پختونخوا کے ہم حصے بنائیں، میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ ایشو وفاق میں جائے اور وہ اسکو ایک نئے سرے سے دیکھے تا کہ پنجاب میں بھی چھ سے سات نئے Administrative units بنیں، بلوچستان میں اور سندھ میں بھی اسی تناسب سے، جہاں پہ لوگوں کو Administrative فائدے پہنچیں، جہاں پہ لوگوں کی Extra running جو ہے وہ کم ہو۔ اس میں نئے Administrative units بنانے سے اگر نقصان ہوتا تو انڈیا جو کہ ہمارا مخالف ملک ہے، ہے بھی، رہا بھی ہے، اسکے 29 Provinces ہیں اور they are going for another 14 Provinces، نئے چودہ پراونسز بنانے جارہے ہیں، اگر اس میں کوئی ایسی برائی ہوتی تو وہ یہ نئے پراونسز کیوں بناتے؟ اور اسی طرح جناب سپیکر! افغانستان میں آپ دیکھ لیں چونتیس کہ پینتیس صوبے وہاں پہ ہیں اور ترکی اگر آپ چلے جائیں تو چوراسی صوبے ترکی میں ہیں، ترکی ہم سے چھوٹا ملک ہے لیکن چوراسی صوبے وہاں پہ ہیں، تو یہ سب لوگوں نے اپنی ایڈمنسٹریشن کو فعال بنانے کیلئے، اس کو بہتر بنانے کیلئے یہ Steps اٹھائے ہیں لیکن ہمارے ہاں بدقسمتی یہ ہے کہ جب بھی کوئی ایسی بات آتی ہے تو وہاں پہ کوئی سازشی عناصر آ کے اس کو غلط رنگ دینے کی کوشش کرتے ہیں تو میں چاہتا ہوں کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے، ہم سب پاکستانی ہیں، ہم سب مسلمان ہیں، ہمیں اپنی بہتری کیلئے خود فیصلے کرنے ہیں۔ دوسرا جناب سپیکر، موجودہ حالات میں پشاور میں آپ دیکھ رہے ہیں کہ اس وقت اتنا Influx ہے پشاور میں پورے صوبے کا، کہ پشاور میں نہ ہم سانس لے سکتے ہیں نہ گاڑی چلا سکتے ہیں، پیدل اگر ہم اسمبلی آئیں تو شاید دس منٹ میں پہنچ جائیں اور گاڑی میں پینتالیس منٹ لگ جاتے ہیں، یہ سارے صوبے کا جو Influx ہے جناب سپیکر، اگر یہ Devolve ہو جائے، نئے Administrative units بن جائیں اور لوگ اپنے اپنے علاقوں میں Confine ہو جائیں تو 70% of the influx آپکا جو ہے وہ کم ہو سکتا ہے۔ آپ کے روڈز صاف ہو جائیں گے، آپکی Unnecessary running لوگوں کی ختم ہو جائے گی اور لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے ابھی پشاور میں کوئی ایک دوسرے کو نہیں پہچانتا کیونکہ سب صوبے کے مختلف علاقوں سے لوگ یہاں پہ آئے ہوئے ہیں تو وہ بھی کنٹرول کرنا مشکل ہے۔ میں اپنے گاؤں میں جاتا ہوں، میں تو ہر ایک کو پہچانتا ہوں، لوکل پشاور کا جو رہائشی ہے وہ بھی ہر ایک کو پہچانتا ہے لیکن باہر کے لوگوں کو پہچاننا مشکل ہے اسلئے جتنا لوگ اپنے علاقوں میں Confined ہونگے، Devolve ہونگے اور اپنے اپنے علاقوں میں جا کے وہ زیادہ متحمل ہوں گے، اتنی ان کیلئے آسانی ہو گی

اور تیسرا جناب سپیکر، میرے بھائی نے کہا کہ جی تحریک ہزارہ کی ضمانت ضبط ہو گئی، ایسی بات قطعاً نہیں ہے، بابا حیدر زمان صاحب کی ضمانت ضرور ضبط ہوئی ہے، تحریک ہزارہ تو، یہ مشتاق غنی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سردار ادریس صاحب ہیں، لودھی صاحب ہیں، میں ہوں، مانسہرہ، کوہستان، بٹگرام، ہری پور، ایبٹ آباد جتنے ممبرز بیٹھے ہیں، یہ سب اس تحریک کا حصہ رہے ہیں اور آج الحمدللہ ایوان میں بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ انہی لوگوں کی آواز اس ایوان میں اٹھارہے ہیں جو لوگ تب بھی باباحیدر زمان کے پیچھے تھے، بشمول ہمارے لیکن کچھ ایسی باتیں تھیں جسکی وجہ سے ہمارا گروپ Intact نہیں رہا لیکن اسمبلی میں اللہ کے فضل سے سارے جو ہزارہ کے Favour میں بات کرنے والے تھے، آج الحمدللہ موجود ہیں اور وہ سارے اس قرارداد کا حصہ ہیں تیسری بات جناب سپیکر، آپ اگر مثال کے طور پر لیں، ہمارے بھائی کوہستان کے بیٹھے ہوئے ہیں، جناب! کتنا ٹائم لگتا ہے کوہستان سے آپ کو پشاور آنے میں؟

<u>ایک رکن</u>: نو گھنٹے۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: کوئی لوگ کہتے ہیں دو دن بھی لگتے ہیں، ایک دن بھی، ان کے پاس اپنی گاڑی ہے، یہ خود آ جاتے ہوں گے، غریب آدمی بیچارہ بسوں میں دھکے کھاتا کھاتا دو دن میں یہاں پہنچتا ہے۔ ہمارے ڈی آئی خان کے بھائی بیچارے یہاں کس طرح آتے ہیں، مالاکنڈ کے لوگ کس طرح آتے ہیں؟ پھر وہ سارے جب اکٹھے ہو کر پشاور میں آتے ہیں تو ہمارے تمام انتظامی امور، ہمارے تمام ڈیپارٹمنٹس، ہمارے تمام جتنے بھی یہاں ادارے ہیں، وہ اتنے Overwhelmed ہو چکے ہیں کہ Humanly possible نہیں ہے کام کرنا۔ ہم اچھی اچھی پالیسیز لاتے ہیں، اچھے اچھے پروگرامز لے کے آتے ہیں، اچھی نیت سے، اچھی سوچ سے آتے ہیں لیکن وہ Implement کیوں نہیں ہو پاتے؟ کیونکہ ہمارے سارے ادارے Overburdened ہیں، ان میں اب Capacity نہیں ہے Deliver کرنے کی، تو یہ وقت کی ضرورت ہے کہ یہ ہم نئے Administrative units لائیں اور آخری بات جناب سپیکر! کہ میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ اگر عوام کو ہم کچھ دے نہیں سکتے ہیں موجودہ حالات میں تو کم از کم انکی جو موجودہ Miseries، انکے جو مسائل ہیں، انکی پریشانیاں ہیں، اس میں کمی تو لا سکتے ہیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب مشتاق غنی صاحب۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: میں آخری بات، ختم کر رہا ہوں سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی۔

جناب وجیہہ الزمان خان: اس میں یہ کہ ایک آدمی کا اگر کوہستان میں کام ہوتا ہے تو اس کو پشاور آنے کی کیا ضرورت ہے، ایک آدمی کا ڈی آئی خان میں کام ہوتا ہے تو اس کو پشاور آنے کی کیا ضرورت ہے؟ یہ رش جناب سپیکر، جب روڈ سے ختم ہو گا تو آپکے پٹرول کے Expenses کم ہو نگے، ڈیزل کے Expenses کم ہو نگے، Pollution کم ہو گی، سڑکیں خالی ہو نگی، لوگوں کو Tranquility ہو گی۔ اب ایک آدمی جو بیس گھنٹے کوہستان سے سفر کر کے آتا ہے جناب سپیکر! اس کا یہی خرچہ کوہستان میں کم، یہاں پہ اگر پانچ ہزار خرچہ آتا ہے وہاں پہ پچاس روپے خرچ ہوتا ہے، کام بھی ہوتا ہے، اسکی Mental tranquility کتنی بحال رہتی ہے، اس سے گھر کا ماحول ٹھیک رہتا ہے، ایک آدمی Tension میں ہوتا ہے غریب آدمی تو اس کا زور کس پہ چلتا ہے؟ یا اپنی بیوی پہ یا اپنے بچوں پہ، تو جو اس ماحول میں جو اس Tension میں بچے پھلیں پھولیں گے تو انکو آپ کا کیا خیال ہے یہ دہشت گرد Hot cake کی طرح نہیں اٹھائیں گے؟ تو اسلئے یہ بہت سے معاملات ہیں، اس میں Visionary۔۔۔۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب، مشتاق غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت بہت شکریہ جناب سپیکر۔ پہلے تو ہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں یہ انتہائی اہم ریزولیوشن پیش کرنے کی اجازت دی۔ جناب والا! جیسے ہمارے ساتھیوں نے، بابک صاحب نے، باقی دوستوں نے بات کی ہے، حقیقت یہ ہے کہ 'ہزارہ' یا 'ہزارے وال' کی نیت پہ شک کرنا آپ یوں سمجھیں کہ ایک محب وطن پاکستانی کی نیت پہ شک کرنے کے برابر ہے۔ چونکہ یہ وہ خطہ ہے جس نے پاکستان موومنٹ میں اس صوبے کو پاکستان کا حصہ بنانے کیلئے لازوال قربانیاں دیں اور یہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ 'ہزارہ' کی وجہ سے یہ صوبہ پاکستان کا حصہ بنا۔ اب پاکستان بننے کے بعد آج تک ہم سارے اسی صوبے کا حصہ رہے ہیں اور کبھی بھی جو ہزارہ کے پولیٹیکل لوگ تھے انہوں نے کبھی الگ صوبے کا مطالبہ نہیں کیا گو کہ وہاں تحریکیں موجود رہی ہیں، تحریکیں چلتی رہی ہیں، وہ مطالبہ کرتے رہے ہیں لیکن اس نوعیت کا مطالبہ نہیں کیا گیا۔ اب وقت کے ساتھ ساتھ آبادی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے اور علاقوں میں Expansion ہو رہی ہے تو شدت سے محسوس کیا گیا کہ جو ہزارہ ڈویژن کی جغرافیائی لحاظ سے پوزیشن ہے، جیسے میرے بھائی وجیہہ الزمان صاحب نے کہا کہ اب بھاشا سے پشاور آنے میں ہمارے آنریبل مولانا صاحب نے کہا کہ سات گھنٹے، میں سمجھتا ہوں کہ دو دن لگتے ہیں، سات گھنٹے میں وہی آئے گا جس کے پاس اپنی گاڑی ہو گی، عام لوگوں

کے پاس غریب لوگوں کے پاس گاڑیاں نہیں ہیں جناب، وہ وہاں سے آ کے مانسہرہ یا ایبٹ آباد میں رات قیام کرتے ہیں اور پھر اگلی رات وہاں سے چلتے ہیں اور یہاں پہنچتے ہیں۔ ہمارا قطعاً، بابک صاحب کی بات سے مجھے شدید اختلاف ہے کہ انہوں نے کہا کہ لسانی بنیادوں پہ ہم صوبے کی تقسیم کی بات، جناب! یہ قطعاً غلط بات ہے اور I strongly reject it، ہمارے ہزارہ ڈویژن میں Linguistic problem کوئی ہے ہی نہیں ہمارے مانسہرہ سے اوپر جائیں مانسہرہ بھی ہمارا آدھا پشتو سپیکنگ ہے اور آدھا ہندکو سپیکنگ ہے ہریپور کے ساتھ جو مضافاتی علاقے ہیں وہ بھی پشتو سپیکنگ ہیں اور بٹگرام تقریباً 90% پشتو سپیکنگ ہے اسی طرح کوہستان میں 50%، تو اس نوعیت کی کوئی بات نہیں ہے، نہ پہلے کبھی تھی، نہ آج ہے، نہ آئندہ ہونی چاہیئے۔ اور میں اپنے دوستوں سے یہ درخواست کروں گا کہ اگر کسی بھی علاقے کے لوگ آئین پاکستان کے اندر رہتے ہوئے الگ صوبے کی بات کرتے ہیں تو اس سے ان پر اس نوعیت کے الزامات نہ لگائے جائیں کہ جس سے تعصب کی بو آتی ہو، جس سے کسی فرقہ واریت کی بو آتی ہو اور جیسے میں نے پہلے کہا کہ ہم تو وہ لوگ ہیں کہ جو پاکستان کیلئے جیتے ہیں اور پاکستان کیلئے مرتے ہیں اسلئے ہم پاکستان کے اندر رہتے ہوئے اور پاکستان میں جتنی زبانیں ہیں، خواہ وہ چترالی زبان ہے، یا پشتو ہے یا ہندکو ہے یا سندھی ہے، سرائیکی ہے، کسی بھی ملک کی زبان ہماری زبان ہے، زبان کوئی پیمانہ نہیں ہوا کرتا، ہمارا مطالبہ صرف انتظامی بنیادوں پر ہے اور میں سمجھتا ہوں ہمارے اس مطالبے کو سب سے زیادہ ہوا اے این پی کے دور حکومت میں جناب سپیکر! دی گئی۔ جب صوبے کی Renaming کی بات ہو رہی تھی ہمارے لوگوں کا صرف یہ مطالبہ تھا کہ یہ جو نام ہے بلکہ مجھے اپنی ایک تقریر آج بھی یاد ہے، ہم نے کہا کہ اس پہ ریفرنڈم کرالیں، اگر ریفرنڈم سے اس کا نام 'باچا خان صوبہ' رکھا جاتا ہے اور ریفرنڈم میں وہ جیت جاتے ہیں تو خدا کی قسم ہم اس نام کو بھی اس صوبے کیلئے قبول کریں گے، ہم نے تو ایک ڈیموکریٹک پراسیس کی بات کی تھی Because we are the stakeholders اور سٹیک ہولڈر کو پوچھے بغیر جی ایک ایسا نام رکھا گیا اور پھر پرامن لوگ سر، یہ ریکارڈ دیکھ لیں، انٹیلی جنس کا ریکارڈ دیکھ لیں، 12 اپریل کو سات آٹھ لوگ شہید کر دیئے گئے، دو سو لوگ زخمی کئے گئے جن میں اپاہج اور مفلوک لوگ آج بھی وہاں موجود ہیں اور جو جوڈیشل کمیشن بنا اسکے ریکارڈ کے اوپر ڈی پی او کی سٹیٹمنٹ ہے کہ 12 اپریل کو پندرہ سو گولیاں ایبٹ آباد کے پرامن لوگوں کے اوپر فائر کی گئیں، اب ان حالات میں وہ مطالبہ جو Renaming کا تھا، وہاں سے وہ صوبہ ہزارہ کے مطالبے میں Convert ہوا لیکن اسکے باوجود ہم نے اسکے Base کو یہی رکھا کہ چونکہ ہمیں کوئی اختلاف

نہیں، ہمارے دوست ہیں پورے صوبے میں، ہم اسمبلیوں میں رہے، ہم اب بھی ایک چھت کے نیچے ہیں، ہمیں یہ کہنا کہ ہم تعصب کی بنیاد پہ یہ بات کر رہے ہیں، قطعاً غلط ہے۔ ہم صرف اور صرف انتظامی بنیادوں پر ایک صوبے کا مطالبہ کر رہے ہیں اور پھر آپ دیکھیں، پنجاب کی اسمبلی نے پچھلے دور حکومت میں بھی ایک صوبے کی قرار داد پاس کی ہے پنجاب کے اندر، گو کہ وہ آج تک نہیں بنا، اگر ہم نے یہ قرار داد پاس کر دی ہے تو ہم نے جناب سپیکر! کونسا جرم کیا ہے؟ So میری یہ گزارش ہے آپ سے اور تمام اس معزز ایوان سے کہ ہماری نیت پہ شک نہ کیا جائے، ہزارہ کے عوام کا یہ بنیادی جو ایک مطالبہ ہے، اس وقت اس مطالبے کو مانتے ہوئے، کوئی ڈائریکٹ ریزولیوشن یہ نہیں ہے جناب سپیکر، ہم نے اس کے اندر یہ کہا ہے کہ پورے ملک کے اندر جہاں بھی چھوٹی اکائیوں کی ضرورت ہے، جیسے خود کسی میرے بھائی نے کہا کہ پنجاب کے اندر، جو تین صوبوں جتنا وہ اکیلا ایک صوبہ ہے، وہاں کم از کم دس صوبوں کی گنجائش ہے، ہم نے یہ کہا ہے کہ ایک کمیشن بنے، وہ کمیشن دیکھے گا کہ پورے ملک کے اندر بشمول ہزارہ کہاں کہاں Viable صوبے بن سکتے ہیں؟ کمیشن کی رپورٹ کے بعد ہی یہ فیصلہ ہو گا کہ وہ صوبہ بن سکتا ہے یا نہیں بن سکتا۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: ہم تو صوبے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میں مولانا عصمت اللہ صاحب (مداخلت) دے دیں گے دو دو منٹس کیونکہ میری کوشش یہ ہے کہ ہر اس سے اپنا نقطہ نظر آ جائے۔ مولانا عصمت اللہ صاحب۔

جناب محمد عصمت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ میں انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے اس اہم قرار داد پر مجھے اظہار خیال کا موقع فراہم کیا۔ جناب سپیکر، اس ہاؤس میں ساتھیوں نے جو ارشادات فرمائے ہیں، میں ان کو نہیں دہراؤں گا مگر میں صرف اتنا ضرور عرض کروں گا کہ یہ بات میں اسمبلی کے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ 'ہزارہ' تاریخ گواہ ہے کہ ننانوے سال صوبہ رہا ہے۔ احمد شاہ ابدالی کے زمانے میں ہزارہ صوبہ رہا ہے اور پھر راجہ رنجیت سنگھ کے زمانے میں صوبہ ہزارہ رہا ہے اور پھر کابل کے سدوزئی حکمرانوں کے زمانے میں ہزارہ الگ صوبہ رہا ہے اور پھر جنگ عظیم دوئم میں انگریزوں نے ڈی آئی خان، پشاور اور صوبہ ہزارہ کو ملا کر ایک صوبہ بنایا اور اسکا نام این ڈبلیو ایف پی رکھا۔ یہاں پر کچھ ہمارے ساتھی ہیں، وہ تو ہمیشہ انگریزوں کے ناموں کی مخالفت تو کرتے ہیں لیکن انگریزوں کے کام کی مخالفت نہیں کرتے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ نام بھی

انگریزوں نے رکھا تھااور ہزارہ کو ادھر شامل بھی انگریزوں نے کیا تھااور اسلئے کیا تھاجناب سپیکر!تاکہ جنگ عظیم دوئم میں جو ٹرائبل ایریاز جن صوبوں سے وہ Touch کرتے تھے، ان کو ایک انتظامی یونٹ بنایا گیا اور ہزارہ کو اسلئے شامل کیا گیا کیونکہ اسکے ساتھ کوئی ٹرائبل ایریاTouch نہیں تھااس وقت، اسلئے کیا کہ ان کے گورنر کیلئے گرمیوں میں نتھیا گلی جیسا علاقہ مل جائے تو میں مشکور ہوں اے این پی کا کہ انہوں نے انگریزوں کا نام تو تبدیل کر دیا لیکن میں حقیقی معنوں میں شکریہ تب ادا کروں گا کہ وہ انگریزوں کے کام کی بھی مخالفت کریں اور ہزارہ کو جو انگریزوں نے ادھر ملایا تھا علیحدہ صوبہ بنائیں۔ باقی بات لسانیت کے حوالے سے، ہزاہ میں کونسی ایک زبان بولی جاتی ہے ؟ جناب سپیکر، وہاں کوہستانی ہے، وہاں پشتو ہے، وہاں یہ ہندکو سپیکنگ ہیں، وہاں تو مختلف زبانوں کے لوگ ہیں، صرف اور صرف انتظامی بنیادوں پر ہم یہ بات کرتے ہیں کہ صوبہ ہزارہ کو علیحدہ صوبہ بنایا جائے اور پھر جناب سپیکر، ہم کہتے ہیں کہ دوسرے صوبوں نے، ابھی تک ہم سے وہ زیادہ ہیں، ہم کب تک دوسرے صوبوں کی تقلید کرتے رہیں گے، کچھ کام ہم بھی وہ کر کے دکھائیں کہ وہ صوبے ہماری تقلید کریں اور پھر کچھ کہتے ہیں کہ ہم بھائیوں کو بھائیوں سے علیحدہ ہونے نہیں دیں گے، جناب سپیکر! دنیا کی تاریخ گواہ ہے کہ بھائی کو بھائی سے آخر جدا ہونا پڑتا ہے، لڑائی اور جھگڑے کے بعد جدا ہونے سے اچھا ہے کہ ایک بھائی دوسرے بھائی سے مشاورت کے ساتھ جدا ہو جائے، یہ سب بھائی بھائی سے جدا ہیں اور ہم کہتے ہیں، نہیں جی ہم بھائی کو بھائی سے علیحدہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ جب کنبہ بڑا ہو جائے وہاں کچن میں کھانے پکانے میں مسئلہ ہو تو پھر بھائی بھائی علیحدہ علیحدہ ہو جاتے ہیں، اپنے اپنے کنبے بن جاتے ہیں، انکا اپنا اپنا کچن کا انتظام سنبھالنے کیلئے، اور جب وہ علیحدہ ہو جاتے ہیں تو ان کو کچن میں ہر ایک کو اچھا کھانا ملتا ہے، کوئی بھوکا نہیں مرتا ہے جناب سپیکر، تو لہذا ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ چونکہ اب ہمارے صوبے میں آبادی اور زیادہ ہو گئی ہے اور پھر جناب سپیکر، یہ عجیب (تالیاں) بات ہے، جب یہاں نام تبدیل کیا گیا تو اس اسمبلی کی تاریخ گواہ ہے، یہاں سے جو قرارداد پاس ہوئی ہے، اس کے مطابق بھی نام تبدیل نہیں ہوا، یہاں سے جو قرارداد پاس ہوئی ہے، وہ پختونخوا کی قرارداد ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں ان لوگوں سے کہ یہ خیبر انہوں نے کہاں سے ڈھونڈ کر لایا؟ حالانکہ 'خیبر' یہ ہمارے اس صوبے کا حصہ نہیں ہے، وہ وفاق کے زیر انتظام ایک ایجنسی ہے لیکن میں ان سے یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب یہ خیبر پختونخوا نام رکھتے تھے تو پھر باجوڑ پختونخوا نام کیوں نہیں رکھا، مہمند پختونخوا نام کیوں نہیں رکھا، اور کرزئی پختونخوا نام کیوں نہیں رکھا؟ لیکن ان کے دل میں ہزارہ کے ساتھ بغض تھا جناب سپیکر،

اسلئے ان کی زبان پر ہزارہ انہوں نے نہیں لایااور اسی وجہ سے جب وہ اتنا بغض دل میں رکھیں کہ صوبے کے نام میں بھی ہزارہ کو شامل نہ کریں تو کیا اس کا رد عمل کچھ پیدا نہیں ہو گا، اس کا ذمہ دار میں ہوں گا یا وہ لوگ ہوں گے ؟جناب سپیکر، بات صاف ہے کہ اگر ہمیں اس صوبے کے انتظامی ڈھانچے کو بہتر طریقے سے چلانا ہے تو پھر ہمیں چھوٹے چھوٹے یونٹس بنانا ہوں گے، زیادہ بنانا ہوں گے، جتنے بھی بنانا چاہیں، اس میں ہمارا کوئی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی، شکریہ جی۔ بخت بیدار صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، میں چاہتا ہوں کہ ہر ایک نمائندے، اس کے بعد قلندر صاحب بات کرلیں گے، موقع دیتے ہیں آپ کو۔ بخت بیدار صاحب۔

<u>جناب بخت بیدار</u>: شکریه جناب سپیکر صاحب. په ډیر اهم موضوع تاسو ما ته دا موقع راکړه. زمونږ ملګرو بابک صاحب، د هزارې زما ورونړو چې کوم قرار داد پیش کړے دے، د هر ملګری پرې خپل خپل یو جدا موقف راغلو، مونږ دا وایو، دا منو د مشتاق غنی ورور سره چې هزارې د پاکستان په جوړلو کښې کومې قربانئ ورکړې دی یا په ریفرنډم کښې د هغوی چې کوم یادګار دی، هغې د ټولو پاکستانو او خصوصاً د صوبه پختونخوا ټول قام په هغې باندې قائل دے اؤ منی ئې. مونږ دا خبره که چرې رااوچته کړو چې هزاره کښې تکلیف دے نو زه به دا خبره اوکړم لکه زما تعلق د ملاکنډ ډویژن سره دے او خاصکر که ته د چترال رقبې ته اوګورې نو د ټولې صوبې برابر د چترال رقبه ده، که زما ورور دا وائی چې زه د کوهستان د هغې سر نه راروانیږم او په دوه ورځو کښې رارسم، دا زما سلیم ورور ناست دے چې هغه د چترال د اپر سائډ نه رااوځی نو په درې ورځو کښې هم نه ، څلور ورځو کښې-----

<u>جناب سلیم خان</u>: بیس ګهنټې کښې.

<u>جناب بخت بیدار</u>: بیس ګهنټې خو د جیپ والا لګی کنه، خبره دا ده چې مونږ ټول ورونړه ورونړه یو، دیخوا به اوس جنوبی اضلاع والا ناست دی، هغوی به دا خبره کوی، مونږ له جنوبی اضلاع کښې صوبه راکړئ او مخکښې نه زمونږ په دې اسمبلئ کښې قرارداد زمونږ ملګرو پیش کړے دے چې ملاکنډ ډویژن ته د ملاکنډ صوبه راکړې شی او دا قرارداد یو ځل بیا راؤړونکښے دے ، محمد علی شاه باچه ته مونږ دستخطې کړی دی. زه دا وایم جی چې مونږ ټول ښه د یو بل

سره د وروری، زمونږ ورکوټي غونډي صوبه ده، زمونږ نور مسائل داسې دی د صوبې چې هغه غور طلب دی، دلته د امن و امان مسئله ده، دلته د بې روزګارئ مسئله ده، دلته کښې بلها ایشوز په دې اسمبلئ کښې راوچت شویدی لکه کالاباغ ډیم خبره راا وچته شویده، زمونږ د ملاکنډ ډویژن د هغوی سره څویمه ده؟ خو چونکه زمونږ دا صوبه ورسره Suffer کیږی، ډیرې ضلعې، مونږ د هغه کالا باغ ډیم مخالفت کړے دے او دغه شان د جنوبی اضلاع د اوبو مسئله راا وچته شوې ده، مونږ ورسره راپاسیدلی یو چې بهئ! دې صوبې ته د د خپلو اوبو حق ملاو شی۔ نو مونږ دې خپلې هزارې ورونړو ته دا درخواست کوؤ چې ستاسو چې لیډنګ دلته کوئ او ناست یئ، تاسو خپل قام له لاړ شئ او دا یقیناً په دیکښې به په مونږ پسې پنجاب، په مونږ پسې نورې صوبې زمونږ د دې بې اتفاقئ نه غلطه فائده واخلی او دې صوبې کښې چې کوم زمونږ د حقوقو خبره ده، زمونږ د حق خبره ده، ډیرې مسئلې دی، هغه به زمونږ نه داسې پاتې شی، لهذا زه خو د دې قرارداد سره متفق نه یم او زما نور ورونړه په دې باندې به خپل رائې ورکړی۔ شکریه جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> قلندر لودھی صاحب! مختصر بات کر لیں، ٹائم بہت شارٹ ہے۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی (مشیر خوراک):</u> شکریہ جناب سپیکر۔ ہم آپ کے مشکور ہیں کہ آپ نے ہمیں ایک اہم قرار داد لانے کی اجازت دی اور ساتھ ہی اپنے پارٹی قائد کے اس ویژن کو اور اسکی سوچ کو اور برد باری کو سلام کرتا ہوں کہ جنھوں نے، اور ساتھ ہی اپنے انتہائی ہر دلعزیز اور بہت ہی ملنسار اور ہر چیز کو بہت اچھے طریقے سے بھانپنے والے اپنے چیف منسٹر صاحب اور ساتھ ہی میں اپنے جماعت اسلامی کے سراج صاحب اور شہرام خان کو، کولیشن اور اپوزیشن کے سارے بھائیوں کا مشکور ہوں جنھوں نے ہمارے ساتھ Sign کئے۔ جناب سپیکر، یہ تو بابک صاحب کی وہ بات ہو گئی کہ دو گروپ آپس میں لڑ رہے تھے، ایک کمزور تھا اور ایک طاقتور تھا اور وہ طاقتور کو سپورٹ کرنا چاہتے تھے اور یہ کہا کہ نہیں لڑنا، نہیں لڑنا اور کمزو روں کو پکڑ رہے تھے اور ان کو خوب مروا رہے تھے، ان کی تو وہ بات ہوئی۔ آج ہمیں تو یہ تاج بنا رہے ہیں اپنے سر کا اور صوبے کا، اس وقت یہ بھی برداشت نہ کیا کہ ہمیں صرف جو مفت میں ایک نام دینا تھا وہی ہمیں شامل کر لیتے۔ انکی اس اچھی بات کا میں مشکور ہوں لیکن پریکٹیکل کچھ ہوتا ہے باتیں تو سب ہی کر لیتے ہیں، اسی سیٹ پر میں بیٹھا تھا جس پر آجکل یہ بیٹھے ہوئے ہیں، وہاں تک میں چلاتا تھا اور یہ میرا مذاق اڑا

رہے تھے تو آج بات شکر الحمد للہ کہ ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ ہم اس کو پاس کرنے کے حق میں آ گئے ان شاء اللہ اور اللہ کرے گا یہ پاس بھی ہو گی۔ جناب سپیکر، ہم نے یہ نہیں کہا کہ ہمارا صوبہ ہے اور لسانی ہے، زبان پر ہے، آئین کو ہم نے Quote کیا ہے کہ پاکستان کا آئین یہ کہتا ہے کہ آپ کے یونٹس جتنے کم ہوں گے تو اس میں ایڈمنسٹریشن کے لحاظ سے زیادہ بہتری ہو گی۔ آج حالات دیکھیں کہ صوبے میں، ملک میں کیا بنا ہوا ہے؟ دہشتگردی ہے، کیا مسئلہ ہے کسی کو پتہ نہیں ہے کہ کہاں کیا ہو رہا ہے؟ تو یہ کنٹرول کرنے کیلئے ہے اور یہ اچھی بات کیلئے ہے، یہ تو صوبے کا ہونا بہت ضروری ہے اور ہم اسکی مخالفت تو نہیں کرتے کہ کوئی بڑا صوبہ ہے کوئی ساٹھ فیصدی ہے اور پاکستان کے باقی تین صوبوں سے زیادہ ہے۔ ہم تو اپنی بات کرتے ہیں لیکن یہ قصہ ہے، انکی تو یہ سوچ ہی نہیں تھی انہوں نے کہا تھا کسی کو، یہ پہلے جیسے صوبہ کے وقت تھی اس وقت میں Repetition میں نہیں جاتا لیکن پاکستان جب بن رہا تھا تو اس وقت ان کی سوچ بھی ہر ایک کو پتہ ہے یہ تو ہزارہ کی مہربانی سے یہ پاکستان کا حصہ بنے اور آج یہ ہمیں کس طرح برداشت کریں گے؟ اور میں بڑا اس میں حیرت میں ہوں کہ یہ پارٹی کے جو انکے لیڈر ہیں، جن پارٹیوں نے کچھ، دوسری پارٹیوں نے تھوڑی سی، بخت بیدار خان بیٹھے ہوئے ہیں، انکے لیڈر تو وہاں جا کر یہی کر رہے ہیں کہ ہم صوبہ بنائیں گے، وہاں تو یہ پوچھیں گے، اب انکا اپنا ممبر وہاں جو اقبال خان بیٹھا ہوا ہے، یہ سب نے ووٹ اسلئے لیا ہے کہ ہم صوبہ بنائیں گے اور آج انہوں نے، اور میرے ایک بھائی کی طرف سے Sign بھی ہو گئے اور میری بہن نے، پھر بھی مخالفت کر گئیں جو ہمارے ساتھ تھیں کہ یہ صوبہ بنے گا۔ بہر حال یہ ساری جو باتیں ہیں جی، یہ جیسے جس کا جو جی چاہتا ہے وہ بات کرتا ہے۔ ہم نے جو بھی آپکے سامنے لایا ہے جی، وہ ہم نے کمیشن کا کیا ہے اور اس پر ہم نے بالکل کلیئر بات لکھی ہے کہ آئین پاکستان جس طرح وحدت کو، اس کو نہ توڑتے ہوئے ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ بننا چاہیئے اور یہ نہ لسانیت پر ہے اور نہ زبان پہ-----

جناب سپیکر: جی مہربانی۔ جی ارباب اکبر حیات، ارباب اکبر حیات۔

ارباب اکبر حیات: شکریه جناب سپیکر صاحب. جناب سپیکر صاحب، زما دې ورور قرار داد پیش کړے وو د صوبه هزارې په حوالې سره، چونکه زما پکښې څه دغه نه وو ځکه چې ما دوئ ته مخکښې وئیلی وو که قرار دار پیش کیږی نو زه به که مخالفت نه کوم نو زه به لاړ شم حمایت هم نه کوم خو چونکه چې کله قرارداد پیش کړے شو نو دیکښې زمونږ څه ورونړه د مسلم لیګ سره ئې تعلق ساتلو، د هغوی نومونه پکښې ما اوکتل نو چونکه ما دا ضروری ګنړله چې زه

اوس ایسار شم او د هغې Clarification وکړم۔ دا قرارداد چونکه د دوئ Individual خو کیدې شی خو دې سره زما د پارټئ پاکستان مسلم لیګ څه تعلق نشته نو په دې وجه باندې زه ودریدم او ما د دې خبرې وضاحت کول غوښتل۔ چونکه دا دوئ د مرکز خبره اوکړله، مونږه غواړو چې هر سړی ته دې ریلیف ملاؤ شی او هر د سړی مسئلې د حل شی خو دوئ ته به دا پته وی چې په دیکښې د ټولو نه پهلا، د ټولو نه مخکښې پاکستان مسلم لیګ نون کړے وو او د پیپلز پارټئ په حکومت کښې قرارداد پیش کړے وو د صوبه بهاولپور په حق کښې چې هغې د صوبه جوړه کړې شی خو چونکه وخت نزاکت ته به ګورئ نو هغې سره به مونږ قدمونه اوچتوؤ۔ دې وخت کښې زمونږ د صوبې چې کوم حالات دی او په دغه حالاتو کښې دا قرارداد پیش کول، زما په خیال دا د صوبې په مفادو کښې نه دی او چونکه دې ته به زه پوائنټ سکورنګ څکه اووایم چې هر کال، کله چې بابا حیدر زمان دا ایشو رااوچته کړله او داسې یو خونریزه معامله جوړه شوه چې پکښې قتل و غارت هم پکښې اوشولو، نو دوئ هغه هر کال په دولسم اپریل باندې هغه برسی مناوئی نو زما په خیال چې بیا هغه دولسم اپریل راروان دے او د هغې د خلقو د وینا د پاره چې مونږ صرف دا قرارداد پیش کړے وو جی، په اسمبلئ کښې مونږ ستاسو د حق د پاره آواز اوچت کړے وو۔ نو زما په خیال نور دا مونږ ته نه دی پکار چې مونږ دا خلق په دهوکه کښې اوساتو، په قرار داد باندې نه صوبه جوړیږی، مونږه به ګورو چې دستیاب وسائل څومره دی چې مونږ صوبه جوړه کړو نو هغه به مونږ چلاؤ څنګه؟ خو زما دې ورور دا خبره اوکړه چې مونږ راځو نو نهه نهه ګهنټې زمونږ لګی نو د دوئ دې خبرې سره به مونږ اتفاق اوکړو، که چرې دوئ دا وائی چې شپږ میاشتې Summer اسمبلی د هغلته وی او شپږ میاشتې دلته وی نو دا خو مونږ ته منظوره ده چې زیات ګرمی ده، شپږ میاشتې ایبټ آباد کښې وی، مونږ به ورځو خیر دے خو که چرې دوئ دا وائی چې نه دا لرې ده نو دغه رنګې ډیر ملګری زمونږ د لرې لرې ځائې نه راځی۔ دا رنګې د ډیره غازی خان چې کوم تنان لاهور ته راځی، هغوی په باره، تیره ګهنټو کښې رارسی نو دا څه Justificationنه دے، نو زه دا وایم چې زما او زما د دې پارټئ دې قرارداد سره هیڅ تعلق نیشته او زه د دې مخالفت کوم۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان خان بہ خبرہ اوکړی نو هغې نه پس به تاسو خبرہ اوکړئ۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ یہ انتہائی Sensitive issue ہے، انتہائی اہم ایشو ہے اور میں اسکے اوپر مختصراً، ایک تو دنیا کے اندر ایک Politics ہے جس کو Fusion and fission politics کہتے ہیں، ایک طرف آسیان بن رہا ہے، ایک طرف امریکن ایسوسی ایشن بن رہی ہے، یورپین یونین کے ممالک 16 تک پہنچ گئے ہیں، یہاں تک کہ وہ ممالک جو ورلڈ وار فرسٹ اور ورلڈ وار سیکنڈ میں ایک دوسرے کے خلاف عمل پیرا تھے ایک دوسرے کے اوپر چڑھائی کرتے تھے آج انکی کرنسی ایک ہے۔ دوسری طرف یوگوسلاویہ، چیکوسلواکیہ، یو ایس ایس آر Disintegration کا شکار ہیں تو دنیا کے اندر دو قسم کی Politics ہے، ایک طرف ممالک اکھٹے ہو رہے ہیں دوسری طرف تقسیم در تقسیم ہے پاکستان کے Context میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ 18th Amendment سے جو Concurrent list صوبوں کی طرف آئی تو صوبائی خود مختاری کیلئے یہ بڑا ضروری ہے کہ صوبہ اتنا بڑا ہو، صوبہ اتنا بڑا ہو کہ وہ Concurrent list absorb کر سکے اور اپنی Independence قائم کر سکے لیکن یہاں پر ایشو بڑا حساس ہے۔ صوبہ ہزارہ کی ڈیمانڈ کیوں آئی اور کب آئی؟ یہ اس وقت آئی جب 18th Amendment کے اندر، جب اس پورے صوبے کے اندر یہ بات ہو رہی تھی کہ اس صوبے کو ہم Identity دینے لگے ہیں، ہزارہ کو یہ احساس ہوا کہ اس نام کے ساتھ ہزارہ کی Identity نہیں ہے تو مسئلہ صوبہ کا نہیں Identity کا ہے اور جہاں 18th Amendment میں Different Political Parties نے، Different Political Leadership نے مختلف مقاصد حاصل کئے وہاں پر میں سمجھتا ہوں کہ بڑی جلدی سے بغیر سوچے سمجھے ایک نام ایسا رکھا گیا جس سے صوبے کی ڈیمانڈ نے جنم لیا تو جو صوبے کی ڈیمانڈ ہے وہ اس محرومی کے ساتھ ہے کہ جو نام رکھا گیا کہ اس صوبے کی Identity ہے اس میں ہزارہ کی Identity نظر نہیں آئی، اگر نام 'ہزارہ پختونخوا' رکھا جاتا تو میں سمجھتا ہوں آج یہ مسئلہ نہ ہوتا، بغیر سوچے سمجھے ایک بڑا اقدام لیا گیا لہذا جناب سپیکر، ہم یہ نہیں چاہتے کہ انتہائی جلد بازی میں ایک دوسرا اقدام ہم غلط لے لیں۔ میری یہ Suggestion ہو گی کہ اس ایشو کے اوپر کہ جہاں محرومی اور Identity کا سوال ہے، اس میں پارلیمانی لیڈرز کی کمیٹی بنائی جائے تاکہ فیصلہ صوبے کے عوام کو نظر آئے اور ہم کسی چیز کی مخالفت نہیں کرنا چاہتے لیکن یہ ضرور چاہتے ہیں کہ Consensus ایسے Develop ہو کہ اگر ایک غلطی ہوئی ہے تو دوبارہ وہ غلطی نمودار نہ ہو، دوبارہ سے وہ غلطی نہ ہو ہم سے، اسی لئے کہ ہمیشہ سے

اپوزیشن کے بھائیوں نے کہا کہ حکومت بڑی جلدی میں ہے اور قانون سازی بھی جلدی میں ہو رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک Sensitive issue ہے اور جناب سپیکر، اگر اسکے اوپر ایسے Consensus develop ہو جائے کیونکہ ہاؤس کے اندر جناب سپیکر، آپ نے دیکھا کہ سب کی مختلف آرا ہیں، اس کو اکٹھا کرنے کیلئے یہ ہماری Suggestion ہے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب! آپ مختصر بات کر لیں۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب بات کر لیں۔

جناب جعفر شاہ: زما طرف نه د هم د وئ خبره او کړی۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: دا خبره غواړی وضاحت چې زه وضاحت او کړم، صرف هغې وضاحت کوم ځکه چې ما خپله خبره او کړه۔ سپیکر صاحب، ستا سو بیا شکریه ادا کوم۔ سپیکر صاحب، دلته دوه درې خبرې دا سې او شوې، بلکه میں مشتاق غنی صاحب کیلئے اردو میں بول لونگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت لوگ شہید ہو گئے بالکل لوگ شہید ہو گئے تھے، بہت سے ہمارے جو بھائی تھے وہ زخمی بھی ہو گئے تھے اور یہ میں ریکارڈ کی درستگی کیلئے یہ بات کرتا ہوں۔ میرے خیال میں اس وقت جب $18^{th}$ Amendment میں صوبے کا نام خیبر پختونخوا رکھ لیا گیا، جس کو آج میں بڑی معذرت سے کہہ سکتا ہوں کہ آج اس کو غلطی کہا جا رہا ہے حالانکہ میرے ساتھیوں کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ 47ء میں پاکستان آزاد ہوا ہے، 47ء میں پاکستان بنا ہے، سندھ کو نام ملا تھا، پنجاب کو نام ملا تھا، بلوچستان کو نام ملا تھا، ہم بے نام تھے اگر آج ہمیں نام دیا گیا تو میرے خیال میں یہ اعزاز تھا یہ غلطی نہیں تھی اور ساتھ ہی مولانا صاحب نے 'خیبر' کے متعلق ایک ایسی بات کہی ہے کہ پتہ نہیں خیبر کو کہاں سے اٹھا کر لے آئے تو میرے خیال میں مجھ سے تو زیادہ علم مولانا صاحب کو ہے خیبر کے متعلق، یعنی ہمارے حضور پاک (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اس سرزمین کا نام اب بھی خیبر ہے اور یہاں پر بھی خیبر ہے اگر ہم نے۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامی)

جناب محمد عصمت اللہ: سپیکر صاحب! یہ میری بات کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، نہ چھوڑیں بات کرلیں۔

جناب سردار حسین: تو میرے خیال میں اس پاک سرزمین کے نام خیبر کو اس طرح تشبیہ دینا، میں یہ مناسب نہیں سمجھتا ہوں اور پھر رہی بات، انہوں نے بات کی کہ فلاں کے زمانے میں ہزارہ صوبہ تھا، فلاں کے زمانے میں صوبہ ہزارہ تھا، میں کم از کم ان کو یاد دلاؤں اور اسمبلی کے ریکارڈ کیلئے احمد شاہ بابا نے چار سو سال پہلے، چار سو سال پہلے ایک شعر ہے پشتو کا کہ:

ے د دھلی تحت ھیروؤمہ

د دھلی تحت ھیروؤمہ

چی رایاد شی د پختونخوا د غرو سرونہ

یہ کوئی سیاسی نام نہیں تھا، یہ تاریخی نام ہے اس خطے کا، اور پھر رہی بات سٹیک ہولڈرز کی تو کم از کم میرے ان بھائیوں کو اور ان ساتھیوں کو یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ پنجاب میں کتنے سرائیکی لوگ رہتے ہیں، کتنے پنجابی ہیں، بلوچستان میں کتنے پختون رہتے ہیں، ادھر بلوچستان نام ہے، سندھ میں کتنے مہاجر ہیں اور سندھ میں باقی اقوام کے کتنے لوگ ہیں؟ تو اس طرح کی بات کرنا میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ مناسب نہیں ہے اور شاہ فرمان صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ غلطی ہے، یہ بالکل غلطی نہیں ہے اور میں تو یہ دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ لوگ خود مخلص ہوتے تو آج میرے سامنے جتنی سیٹیں پڑی ہیں شاید اگر میری نظر کام کر رہی ہو تو یہ سیٹیں تو مجھے ساری خالی نظر آ رہی ہیں تو یہ کس طرح کی، ان کا آپس میں اتفاق نہیں ہے، ان کا آپس میں وہ نہیں ہے (تالیاں) تو کسی اور کو یہ کس طرح Blame کر سکتے ہیں؟ تو اسلئے اس چیز کو جس طرح قلندر لودھی صاحب نے بتایا، اس چیز کو پولیٹیکل سکورنگ کیلئے استعمال نہیں ہونا چاہیئے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ جناب شوکت یوسفزئی صاحب۔ سراج الحق صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، جناب سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: محترم سپیکر صاحب! میں یقیناً بات کرنا چاہتا ہوں لیکن میری ریکویسٹ ہے، اگر ستار صاحب کو بھی ایک دو منٹ دیدیں۔

جناب سپیکر: ستار صاحب! بات کرلیں۔

جناب عبدالستار خان: اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! مشکور ہوں آپ کا کہ آج ہمارے مختلف ایم پی ایز کی طرف سے ایک جوائنٹ ریزولیوشن ہے، یقیناً کوہستان

ضلع کی نسبت سے، اور پھر ڈویژن کے لحاظ سے ہزارہ ڈویژن میں ہونے کی نسبت سے اور پھر اس صوبے میں خیبر صوبے میں ہونے کی نسبت سے ہم بھی سٹیک ہولڈر ہیں اور ہمارے لوگوں کی بھی ایک خواہش ہے، ایک نسبت ہے لیکن مجھے جو بحیثیت پاکستانی، ایک جماعت کے ہونے کے ناطے سے میں اس بات پہ دل و جان سے سیاسی عقیدہ رکھتا ہوں کہ میں سب سے پہلے مسلمان ہوں، پھر میں پاکستانی ہوں، پھر میں خیبری ہوں، پھر میں ہزارے وال ہوں، پھر میں کوہستانی ہوں، یہ میرے سیاسی نظریات کے دائرے ہیں لیکن اس بات پہ میں یقین نہیں کر سکتا کہ میں کوہستان کے اس دائرے کو پاکستان کے دائرے سے یا صوبے کے دائرے سے یا ڈویژن کے دائرے سے میں مقدم سمجھوں، نہیں، یہ میری آخری پہچان ہے، سب سے پہلے میری پہچان مسلمان ہونے کی ہے، پھر میری پاکستانی ہے، پھر میری صوبے کی ہے، پھر میری ڈویژن کی ہے، پھر میری ضلع کی ہے۔ یہ بات ہم نے اسلئے لائی کہ پاکستان میں صوبہ پنجاب کی طرف سے انتظامی لحاظ سے صوبوں کی نئی تخلیق کی بات سامنے آئی، ہمارے صوبے نے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: مختصر کریں۔

<u>جناب عبدالستار خان</u>: مختصر کرتا ہوں سر، ہمارے صوبے میں ہم اس بنیاد پہ اس صوبے کو نہیں چاہتے ہیں کہ زبان کی بنیاد پر ہم صوبہ اگر چاہیں، ہم کہتے ہیں کہ پورے پاکستان میں اتفاق رائے سے بلاتفریق اس پہ کمیشن بنے اور اس میں 'صوبہ ہزارہ' بھی شامل ہو اگر ملاکنڈ شامل ہوتا ہے اس میں تو وہ بھی شامل ہو اگر سرائیکی بیلٹ سے ڈی آئی خان جب شامل ہوتا ہے وہ بھی ہو اس پہ ہم پاکستان کی محبت کو چاہتے ہیں سر، پاکستان کی محبت ہمیں سب سے عزیز ہے، صوبے کی محبت بھی عزیز ہے اسلئے کوئی لسانی بات نہیں ہے اسلئے ہم اس کی جو میرے بھائی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی، شکریہ۔ سراج الحق صاحب۔

<u>جناب عبدالستار خان</u>: اسلئے ہمارے بھائی نے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ۔ سراج الحق صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (خزانہ)</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ سابق ادوار میں حکمرانوں کی غیر منصفانہ اور غیر حقیقت پسندانہ پالیسیوں کے باعث صوبے کے اکثریتی عوام میں احساس محرومی بڑھا ہے یہی وجہ ہے کہ سابق دور میں ہزارہ کے عوام اپنے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف سڑکوں پر نکلے اور ایک علیحدہ صوبہ بنانے کی تحریک اٹھی تاہم موجودہ حکومت نے بشمول ہزارہ ڈویژن کے پورے صوبے کے احساس محرومی کو ختم

کرنے کا تہیہ کیا ہے اسلئے یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ اس صوبے کا نام تبدیل کر کے 'ہزارہ خیبر پختونخوا' رکھا جائے تا کہ۔۔۔۔۔

(تالیاں اور شور)

اراکین: نہ نہ۔

سینیئر وزیر (خزانہ): صوبے کی وحدت برقرار رہے اور محرومی اور بے چینی کا۔۔۔۔۔

(شور)

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! دا څه دی؟ دا خو۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، قرارداد نہیں ہے، یہ اپنا موقف، قرارداد تو نہیں ہو سکتی، یہ اپنا موقف پیش کر رہے ہیں۔

(شور)

ایک رکن: یہ کونسا طریقہ ہے، یہ قرارداد ہے؟

جناب سپیکر: اصل میں یہ ہے کہ قرارداد اس طرح نہیں ہوتی، اس نے اپنا موقف پیش کیا ہے، اس نے اپنا موقف پیش کیا، آپ بیٹھ جائیں۔ اس نے اپنا موقف پیش کیا، اس کو موقع ہے وہ جو بھی کہنا چاہیں۔ جی جی سراج الحق صاحب۔

(شور اور قطع کلامیاں)

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب! ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان جن الفاظ کا مجموعہ ہے (شور) اس میں 'پ' سے پنجاب ہے، 'الف' سے افغانیہ ہے 'ک' سے کشمیر ہے اور 'س' سے سندھ ہے (شور) اسلئے ہم چاہتے ہیں کہ اگر اس فیصلے کے وقت ہزارہ کو بھی شامل کیا جاتا تو یہ احساس محرومی پیدا نہ ہوتا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اب بھی ہزارہ ڈویژن کے مسائل کو Address کرنے کی ضرورت ہے، انکا احساس محرومی ختم کرنے کی ضرورت ہے، انکے زخموں پر پٹی رکھنے کی ضرورت ہے، انکے ساتھ محبت کرنے کی ضرورت ہے، اسلئے ہم نے قرارداد پیش کی اور جناب سپیکر صاحب! میرے بعد شوکت یوسفزئی بھی پیش کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر: جی قرارداد اس طرح تو نہیں ہو سکتی، آپ اپنا موقف دے سکتے ہیں۔

(شور)

جناب سردار حسین: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مجھے چھوڑیں جی۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر! دا خو خندا نه ده نو نور۔۔۔۔۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): سپیکر صاحب! رولز تو ریلیکس ہو چکے ہیں اسلئے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ اس ایک کیلئے ریلیکس کئے تھے، اس کیلئے آپ نے۔۔۔۔

وزیر صحت: Rules تو Already relax تھے۔

جناب سپیکر: وہ آپ نے نہیں کئے، آپ کا موقف ہم نے لے لیا ہے۔ جی مفتی صاحب، مفتی صاحب، مفتی صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، آپ اس کے بعد۔

مفتی سید جانان: زه جی جناب سپیکر صاحب! زه دا گزارش جی کوم تاسو ته۔۔۔۔

وزیر صحت: پہلے میں پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، اسکے بعد پھر آپ وہ کریں۔

مفتی سید جانان: دا خو سپیکر صاحب، دا خو دغه صوبې سره لوبې نه دی؟ دا د دغه صوبې د عوامو سره لوبې نه دی چې پرون مونږ آٹھ ارب روپئ د دغه صوبې په نوم بدلولو باندې اولګولې او نن به بیا مطلب دا دے آٹھ او دس ارب روپئ مونږ یو بل څیز به ورسره سیوا کوؤ په دې باندې به بیا دس ارب روپئ لګیږی، دا خو سپیکر صاحب! د دغه عوامو سره، دغه صوبې سره، دغه صوبې سره مذاق کیږی جناب سپیکر، دا خبره ده، پرون 2012ء کښې یوه خبره پاس شوله او اوس مطلب دے چې 2014ء کښې به بله خبره پیش کیږی۔ جناب سپیکر صاحب، مونږ په دغه خبره باندې دا خو زه دې ټولو ملګرو ته دا ګزارش کوم، حکومت هم دغه خبره کښې نه دے مخلص، که چرې حکومت دغه خبره کښې مخلص وے ، کورم به ئے اوسه پورې پوره وو، کورم ئے نه دے پوره، کورم پخپله باندې ماتوی، ولې خپل مینځ کښې مطلب دا دے د یو بل سره جناب سپیکر! دهوکه کوی؟

جناب سپیکر: میں وہ قرارداد اسمبلی کو پیش کرتا ہوں، قرارداد جو پیش ہوئی ہے، میں اسمبلی سے۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: The motion before the House مشتاق صاحب، نہیں (شور)
دیکھیں جی، قرارداد جو پہلے پیش ہوئی، میں اسے Move کرتا ہوں۔

(شور اور قطع کلامی)

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: سپیکر صاحب! قرارداد تو ادھر ہم نے پیش کی ہے۔

جناب سپیکر: میری بات سنیں جی، جو پہلے پیش ہوئی ہے میں اسکو Move کرتا ہوں جو پہلے پیش ہوئی ہے (شور) 'ہزارہ' سے متعلق جو پیش ہوئی ہے وہ جو سردار ادریس صاحب نے جو پیش کی ہے، (شور) آپ اگر میری بات سنیں گے تو مہربانی ہے، میں بالکل موقع دیتا ہوں، آپ ڈیکورم کا خیال رکھیں، کوشش کرتے ہیں کہ سب کو ساتھ لیکر چلیں۔ جو سردار ادریس صاحب نے پیش کی ہے، میں وہ اسمبلی کے سامنے پیش کرتا ہوں: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously (Applause) Janab Shaukat Yousafzai.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): جناب سپیکر! میں رول 240 کے تحت رول 124 کو معطل کو کرنے کی استدعا کرتا ہوں تاکہ قرارداد پیش کر سکوں۔

جناب سپیکر: رولز ریلکس ہو چکے ہیں، آپ۔۔۔۔

وزیر صحت: جناب سپیکر! سابقہ ادوار میں حکمرانوں کی غیر منصفانہ اور غیر حقیقت پسندانہ پالیسوں کے باعث صوبے کے اکثریتی عوام میں احساس محرومی بڑھا، یہی وجہ ہے کہ سابقہ دور میں ہزارہ کے عوام اپنے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف سڑکوں پر نکلے۔۔۔۔

جناب سپیکر: شوکت صاحب! آپ تھوڑا مجھے کرنے دیں تاکہ میں پروسیجر کے مطابق چلاؤں، یہ ہے کہ میں پہلے رولز ریلکس کرونگا، اس کے بعد آپ بولیں گے۔

وزیر صحت: آپ نے کہا کہ Rules relaxed ہیں۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب سپیکر: میں نے اس کی Wording پوری نہیں کی۔ Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240 to allow the honorable

Ministers, to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The honourable Minister, to please move his resolution.

وزیر صحت: شکریہ جناب سپیکر۔

(اس دوران کورم پورا نہ ہونے کی نشاندہی کی گئی)

وزیر صحت: گوره دا دومره اهم شے دے۔

جناب سپیکر: کورم چیک، یہ کاؤنٹ کر لیں، کاؤنٹ۔

وزیر صحت: جناب سپیکر! سابقہ ادوار میں حکمرانوں کی غیر منصفانہ اور غیر حقیقت پسندانہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ، کاؤنٹ کر لیں، کاونٹ کر لیں، کورم پورا نہیں ہے، میں اسلئے دو منٹ کی مزید وہ دیتا ہوں، کورم پورا نہیں ہے۔ ہاؤس کو پروسیجر کے مطابق تو چلائیں گے نا جی۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

(تالیاں)

جناب سپیکر: کاؤنٹ کر لیں۔ جی شوکت صاحب! آپ قرارداد پیش کریں، کورم پورا ہو گیا ہے۔

## قرارداد

وزیر صحت: سابقہ ادوار میں حکمرانوں کی غیر منصفانہ اور غیر حقیقت پسندانہ پالیسوں کے باعث صوبے کے اکثریتی عوام میں احساس محرومی بڑھا، یہی وجہ ہے کہ سابق دور میں ہزارہ کے عوام اپنے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف سڑکوں پر نکلے اور ایک علیحدہ صوبہ بنانے کی تحریک اٹھی تاہم موجودہ حکومت نے بشمول ہزارہ ڈویژن کے صوبے کا احساس محرومی ختم کرنے کا تہیہ کیا ہے اسلئے یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے یہ سفارش کرتی ہے کہ صوبے کا نام تبدیل کر کے 'ہزارہ پختونخوا' رکھا جائے تاکہ صوبے کی وحدت برقرار رہے اور محرومی کی وجہ سے بے چینی کا خاتمہ ہو۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by honorable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

(Applause)

Mr. Speaker: "In exercise of the powers conferred by Clause (b) of Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Engineer Shaukat Ullah, Governor of the Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa shall stand prorogued on Friday, 21st March, 2014, after conclusion of its business fixed for the day, till such date as may hereafter be fixed."

---

(اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی ہو گیا)